فوری ریلیز کے لیے: 29/7/2022 — ***KATHY HOCHUL گورنر***

**گورنر HOCHUL نے لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے آغاز سے چھ ماہ قبل تمغوں کے ڈیزائن، براڈکاسٹ پارٹنر، اور مقابلوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا**

***$500 ملین سے زیادہ*** **ریاستی سرمایہ کاری نے خطے میں سرمائی کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کیا ہے اور مزید بہتر بنایا ہے**

***تمغے الفریڈ یونیورسٹی کے اساتذہ اور طلباء کے تعاون سے پائیدار شیشے کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیے گئے ہیں؛ تصاویر یہاں دستیاب ہیں***

***ESPN کو آفیشل ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل ڈسٹری بیوٹر کے طور پر منتخب کیا گیا ہے؛ جملہ نیٹ ورکس پر تقریباً 160 گھنٹوں کی کوریج نشر کی جائے گی***

***ایونٹ اور مقابلوں کا شیڈول یہاں جاری کر دیا گیا ہے؛ ٹکٹوں کی فروخت 1 ستمبر سے شروع ہوگی***

گورنر Kathy Hochul نے آج، آئندہ منعقد ہونے والی لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے آغاز سے چھ ماہ قبل، تمغوں کے نئے ڈیزائن اور مقابلوں کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ ان گیمز کے لئے ریاست کا 500$ ملین سے زائد سرمایہ ملک کے شمالی حصے اور اس کے آس پاس کے علاقوں میں اولمپک ریجنل ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے زیرِ انتظام کھیلوں کے مقامات اور سہولیات کی ترقی اور بہتری کے لئے خرچ کیا جائے گا۔ مزید برآں، گورنر Hochul نے یہ اعلان بھی کیا کہ ESPN کو گیمز کے آفیشل ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل ڈسٹری بیوٹر کے طور پر نامزد کیا گیا ہے، اور ٹکٹوں کی فروخت 1 ستمبر سے شروع ہوگی۔

"بس آئندہ چھ ماہ بعد، نیویارک دنیا کو لیک پلیسڈ میں 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے لئے دوبارہ خوش آمدید کہے گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی و بہتری کے لئے 500$ ملین سے زائد کی سرمایہ کاری، الفریڈ یونیورسٹی کے طلباء اور اساتذہ کا ڈیزائن کردہ ہمارا خوبصورت میڈل، اور ESPN کے ساتھ شراکت داری کے نتیجے میں بہت امید ہے کہ یہ گیمز اب تک کی سب سے بہترین گیمز ثابت ہوں گی اور خطے کی معیشت کی ترقی اور منفعت میں بڑا کردار ادا کریں گی۔ میں مقامی لیڈروں، کاروباری برادری، اور Adirondack Mac میسکوٹ کے ساتھ پوری دنیا کے ایتھلیٹس اور ناظرین کی میزبانی اپنے گھر کے صحن میں کرنے کی بے صبری سے منتظر ہوں۔"

لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز متعدد سرمائی کھیلوں اور تعلیمی سرگرمیوں کا 11 روزہ میلہ ہے، جو 12 جنوری سے 22 جنوری، 2023 تک جاری رہے گا اور اس میں کالجوں کے 2,500 طالبعلم ایتھلیٹس اور 600 سے زائد یونیورسٹیوں اور 50 اقوام کے وفود 12 سرمائی کھیلوں اور 86 ایونٹس میں شرکت اور مقابلہ کرنے کے لئے تشریف لائیں گے۔ گیمز کے *تمغے الفریڈ یونیورسٹی میں* New York State College of Ceramics کے *اساتذہ اور طلباء کے تعاون سے تیار کیے گئے ہیں۔ یونیورسٹی اور اس کے* Center for Glass Innovation اور Inamori School of Engineering نے پاٹس ڈیم، سینٹ لارنس کاؤنٹی سے ری سائکل کردہ شیشہ استعمال کرکے شیشے کا ایسا انضمام تیار کیا جو ریاست کی شیشے کی صنعت میں تخلیقی روایات کی خوبصورت عکاسی

کرتا ہے۔ شیشے میں جڑا گیا لوگو گیمز کے مرکزِ توجہ یعنی کالج ایتھلیٹ کا عکاس ہے، اور تخلیقی ڈیزائن میں ایک اور خوبصورت جہت کا اضافہ کر رہا ہے۔ تمغوں کی تصاویر یہاںدستیاب ہیں۔

گورنر HOCHUL نے گیمز کے مقابلوں کا آفیشل شیڈول بھی جاری کیا، جسے یہاںملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔ اس شیڈول میں تمام 12 کھیلوں کے ایونٹس نیز اہم ترین تقاریب مثلاً افتتاحی اور اختتامی تقاریب کی تاریخوں، اوقات، اور مقامات کی تفصیل دستیاب ہے۔

مزید برآں، گورنر نے یہ اعلان بھی کیا کہ ESPN کو لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے آفیشل ٹیلی ویژن اور ڈیجیٹل ڈسٹری بیوٹر کے طور پر نامزد کر دیا گیا ہے۔ معاہدے کے تحت، ESPN+ پورے 11 روزہ ایونٹ کی تقریباً 140 گھنٹوں تک کی کوریج کو سٹریم کرے گا، جس میں ESPN2 اور ESPNU کی 20 گھنٹوں سے زائد نیٹ ورک کوریج بھی شامل ہے۔ ESPN کی جانب سے لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی نشریات میں افتتاحی تقریب کو نمایاں حیثیت حاصل ہوگی، جبکہ مقابلوں کے متعدد ایونٹس مثلاً سنوبورڈ کراس، سپیڈ سکیٹنگ، فگر سکیٹنگ کے طویل پروگرامز، اور خواتین اور مردوں کی آئس ہاکی کے گولڈ میڈل میچ-اپس بھی شامل ہوں گے۔ کینیڈا کے گھرانوں کے لئے اضافی کوریج TSN فراہم کرے گا۔

**Mike Pratt جو اولمپک ریجنل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے صدر اور CEO ہیں نے کہا،** "اولمپکس کا ہمارا بنیادی ڈھانچہ جلد ہی پوری دنیا سے کالج اور یونیورسٹی ایتھلیٹس کی میزبانی کرے گا۔ جوش و خروش بڑھ رہا ہے، اور کھیلوں کی دنیا میں ہمارا مقام بلند تر ہوتا جا رہا ہے۔ ORDA کے وینیوز ہمارے تیزی سے ترقی کرتے وہ قیمتی اثاثے ہیں جو آئندہ کئی دہائیوں تک ہمیں غیر معمولی نتائج پیش کریں گے۔"

گزشتہ چھ برسوں کے دوران، ریاست نیویارک نے ORDA کے شاندار تربیتی مراکز اور مقابلوں کی سہولیات میں قابل قدر اور قیمتی سرمایہ کاریاں کی ہیں، جن میں ORDA کے ایڈرینوڈیک اور کیٹسکل پہاڑوں میں $500 ملین سے زائد کی سرمایہ کاری شامل ہے۔ ان سرمایہ کاریوں کے نتیجے میں ORDA کے مراکز اور سہولیات ایونٹس، ایتھلیٹس کی تربیت، اور تفریحی مقاصد کے لئے پورا سال کھلی رہتی ہیں۔ ORDA کے مراکز میں مقامی، علاقائی، قومی، اور عالمی ایونٹس کی میزبانی کی جاتی ہے بشمول فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز، جن کے بعد مارچ 2023 میں سنکرونائزڈ فگر سکیٹنگ ورلڈ چیمپئن شپس اور فروری 2025 میں باب سلیڈ سکیلیٹن ورلڈ چیمپئن شپس کا انعقاد بھی شامل ہے۔

ریاست نے پورے شمالی کنٹری ریجن میں بھی سرمائی کھلیوں کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لئے بھاری سرمایہ کاری کی ہے Empire State Development (ESD) فرینکلن کاؤنٹی میں $4.5 ملین کی اپ-سٹیٹ ری وائٹیلائزیشن انیشئیٹو گرانٹ کے ذریعے سارانیک لیک سوک سینٹر کی ترقی اور اپ گریڈ میں معاونت کر رہی ہے، جبکہ یہ سہولت ان گیمز کے کرلنگ ایونٹ کی میزبانی بھی کرے گی۔ ESD کی دیگر سرمایہ کاریوں میں اعلی ترقیاتی منصوبوں کے لئے سرمائے کی فراہمی بھی شامل ہے، مثلاً ایڈرینوڈیک ہیلتھ کا لیک پلیسڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل فٹنیس سینٹر، سارانیک واٹر فرنٹ لاج، اور ہوٹل سارانیک۔

**Empire State Development کے صدر، CEO اور کمشنر نے کہا،** "فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز لیک پلیسڈ اور اس کے ارد گرد شمالی مضافات میں آباد برادریوں کو پوری دنیا کے ناظرین کے سامنے اجاگر کریں گے۔ سیاحت اور مسابقتی کھیلوں کے بنیادی ڈھانچے کی معاونت اور ترقی کے لیے ریاست کی اسٹریٹجک سرمایہ کاریاں ان گیمز کی کامیابی کے لئے اور اس خطے کو سرمائی کھیلوں کے ترجیحی مقام کے طور پر مزید فروغ دینے کے لئے انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔"

**Adirondack North Country Sports Council کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Ashley Walden نے کہا،** "ہم الفریڈ یونیورسٹی کی ٹیکنالاجی اور مہارت کو استعمال کرنے پر انتہائی پر جوش ہیں۔ جڑاؤ شیشہ فیسو گیمز کی میزبانی کو اب تک کی بہترین میزبانی ثابت کرنے کے ہمارے عزم کا ایک اور اظہار ہے، جو Save Winter تحریک کا ایک کلیدی جزو ہے۔"

**ESPN کے سینئر ڈائریکٹر آف پروگرامنگ اینڈ ایکوئزیشنDan Margulis نے کہا،** "فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز لیک پلیسڈ کی عالمی معیار کے سرمائی کھیلوں کی میزبانی سے مزین تاریخ میں مزید اضافہ کریں گی، اور ESPN ان ایونٹس کو اجاگر کرنے اور پوری دنیا سے شرکت کرنے والے کالجئیٹ ایتھلیٹس کو دکھانے کے لئے بہت پرجوش ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Dan Stec نے کہا،** "آئندہ برس منعقد ہونے والی ورلڈ یونیورسٹی گیمز بین الاقوامی ایتھلیٹس اور ناظرین کو لیک پلیسڈ واپس لے آئیں گی۔ مختص کردہ ریاستی رقوم یہ امر یقینی بنائیں گی کہ ہمارے کھیلوں کے وینیوز اور ان کے اردگرد کا علاقہ اپنی بہترین حالت میں ہوں اور آئندہ برس آنے والے مہمانوں اور ESPN پر ان گیمز کو دیکھنے والے ناظرین کے لئے اپنی منفرد خصوصیات اور جاذب نگاہ پہلو اجاگر کریں۔"

**اسمبلی ممبر Billy Jones نے کہا،** "یہ یقین کرنا مشکل لگ رہا ہے کہ اتنے برسوں کی تیاریوں اور ریاستی اور مقامی لیڈروں کے مابین باہمی تعاون کے بعد جس سے یہ لمحہ ممکن بنا، فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز میں اب صرف چھ ماہ کا وقت باقی رہ گیا ہے۔ یہ ایونٹ ORDA سہولیات اور سیرینیک لیک سوک سینٹر میں کی جانے والی حالیہ بہتریوں کو اجاگر کرے گا اور ناظرین کو ایڈرونڈیک خطے کی خوبصورتی سے متعارف کروائے گا اور بتائے گا کہ ہماری مقامی کاروباری برادری کے پاس انہیں پیش کرنے کے لئے کیا کچھ موجود ہے۔ آج کا یہ اعلان کہ ESPN کو گیمز براڈکاسٹ کرنے کے حقوق مل گئے ہیں ایک بہت اچھی خوشخبری ہے جس کا مطلب ہے کہ پوری دنیا میں لوگ یہ دیکھ سکیں گے کہ ہم اس جگہ کو اپنا گھر کہنے میں اتنا زیادہ فخر کیوں محسوس کرتے ہیں۔"

**اسمبلی ممبر Matthew Simpson نے کہا،** "شمالی خطہ آئندہ فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی میزبانی کرنے پر بہت پرجوش اور خوش ہے۔ اتنے اعلی درجے کا ایونٹ منعقد کرنے کے لئے اس سے زیادہ شاندار مقام کوئی اور نہیں، اور جلد ہی پوری دنیا کے ایتھلیٹس یہ دیکھیں گے کہ ایڈرونڈیکس کی شان و شوکت در حقیقت اتنی خاص کیوں ہے۔ 1980 کے اولمپکس کے بعد سے ہمیں ایسے کسی بھی عالمی ایونٹ کی میزبانی کا موقع نہیں ملا تھا، اور اب ہم سرخ قالین بچھا کر یہ دکھانے کے لئے پوری طرح تیار ہیں کہ نیویارک کے پاس پیش کرنے کے لئے کیا کچھ موجود ہے۔"

**لیک پلیسڈ کے میئر Art Devlin نے کہا،** "فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کی میزبانی نے ہمیں اولمپک ولیج کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کا جذبہ بھی عطا کیا، بشمول پانی کی لائنیں، پیدل چلنے والوں کے راستے اور گلیاں۔ ان گیمز میں مقابلوں کی اعلی سطح اور تعلیمی اور ثقافتی تقاریب 1932 اور 1980 کی سرمائی اولمپکس کی یادیں تازہ کریں گی اور اس دوران ORDA کے وینیوز بھی پوری دنیا کے ناظرین کی نگاہ میں اجاگر ہو جائیں گے۔"

**نارتھ ایلبا ٹاؤن کے سپروائزر Derek Doty نے کہا،** "اس خطے میں سرمایہ کاری کرنے سے ریاست سرمائی تفریح اور سیاحت کے معاملے میں مزید مسابقت حاصل کرے گی، اور کھیلوں کے مزید بڑے ایونٹس کو اپنی جانب متوجہ کرکے علاقے میں پورا سال کاروباری اور معاشی سرگرمیوں کو مہمیز دے گی۔ جبکہ فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز پورے شمالی خطے کی کشش اور یہاں سرمایہ کاری کرنے کا ذوق و شوق مزید بڑھائیں گی، تاہم اس کا اثر ابھی سے نمایاں ہو کر ایسے فوائد سامنے لے آیا ہے جو آئندہ کئی برسوں تک جاری رہیں گے۔"

**فیسو کے عبوری صدر Leonz Eder نے کہا،** "ہم انتہائی پُرجوش ہیں کہ فیسو گیمز بس چند ماہ کی دوری پر ہیں اور مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ تیاریاں پورے عروج پر ہیں۔ میں Host Partners اور ریاستِ نیویارک کی مسلسل محنت اور لگن کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا—ان کے بغیر، اس ایونٹ کا انعقاد ممکن ہی نہیں ہوتا۔ آئندہ مہینے ان تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لئے انتہائی اہم ہیں جن سے یہ امر یقینی بنے گا کہ جنوری 2023 میں پوری دنیا کو خوش آمدید کہنے کے لئے تمام تیاریاں مکمل ہیں۔"

ناظرین گیمز کی تیاریاں Twitter ، Instagram، Facebook پر lakeplacid2023@ اور #lakeplacid2023 کے ذریعے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ لیک پلیسڈ 2023 فیسو ورلڈ یونیورسٹی گیمز کے بارے میں مزید معلومات کے لئے www.lakeplacid2023.comکا دورہ کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیویارک | ایگزیکٹو چیمبر | 518.474.8418 | press.office@exec.ny.gov

*ان سبسکرائب کریں*